

# کمپیوٹر پروگرام "ھدیٰ"

سید امتیاز علی

دنیا میں تعلیم و تعلم کے لیے کمپیوٹر کا استعمال روز بروز بڑھ رہا ہے، قرآن سے عشق و محبت رکھنے والوں نے جدید دور کے اس اہم وسیلے کو بھی قرآن کی ترویج کے لیے استعمال کرنے کی کوششیں کی ہیں، اس سلسلے میں انٹرنیٹ پر قرآن کی ترویج کے علاوہ قرآن کریم کے حوالے سے بھی کئی کمپیوٹر سوفٹ ویرز بنائے گئے ہیں۔ اس وقت کمپیوٹر استعمال کرنے والے تقریباً ہر مسلمان کی یہ کوشش ہے کہ کوئی قرآنی کمپیوٹر پروگرام حاصل کرے اور یوں جہاں اس کے پاس قرآن حکیم کا کتابی نسخہ ہے وہاں وہ کمپیوٹر میں بھی قرآن حکیم سے محروم نہ ہو۔ اسی لیے قرآن حکیم کے کمپیوٹر پروگراموں خصوصاً CD - ROM پر مہیا پروگراموں کی مانگ دن بدن بڑھ رہی ہے۔

اخوت ٹرسٹ اسلام آباد نے اس سلسلے میں کچھ خدمت انجام دینے کی کوشش کی ہے اور طلوع کمپیوٹر کمپنی دبئی کے ساتھ مل کر "ھدیٰ" کے نام سے ایک کمپیوٹر پروگرام تیار کیا ہے جس کی چند خصوصیات درج ذیل ہیں :

۱) اعراب کے ساتھ قرآن کا مکمل عربی متن۔

۲) قرآن کریم کے اردو اور انگریزی تراجم۔

۳) قرآن کریم کی مکمل تلاوت۔


۴) تقریباً ۲۰،۰۰۰ موضوعات کے تحت قرآنی آیات کی تلاش کی سہولت۔

۵) قرآنی کلمات والفاظ کی تلاش

۶) حفظِ قرآن کے لیے آڈیو۔ویڈیو ذرائع سے استفادہ کی سہولت۔

ھدیٰ پروگرام میں فطری حسن کو برقرار رکھنے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔ اس پروگرام میں اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ اگر کمپیوٹر استعمال کرنے والا کمپیوٹر سے متعلق زیادہ معلومات نہ بھی رکھتا ہو تب بھی ھدیٰ پروگرام کو بخوبی استعمال کر سکے۔

جب ھدیٰ پروگرام شروع ہوتا ہے تو شکل نمبر ا کی سکرین کمپیوٹر پر ظاہر ہوتی ہے جو تصویری




شکل نمبر ا

طور پر یہ بیان کر رہی ہے کہ کمپیوٹر استعمال کرنے والے کے لیے اس پروگرام میں کون کون سی سہولتیں موجود ہیں۔ اس شکل میں موجود تصاویر پر جب کمپیوٹر ماؤس کو لے جایا جائے گا تو تصویر میں نظر آنے والے کمپیوٹر کی سکرین پر انگریزی زبان میں نمایاں ہو جائے گا کہ یہاں ماؤس دبانے سے کون سی سہولت حاصل کی جا سکتی ہیں۔ جدول نمبر ۱ میں ہم ان تصاویر اور ان سے حاصل ہونے والی سہولیات کی فہرست درج کر رہے ہیں قاری یقیناً شکل نمبر ۱ کو پیش نظر رکھیں گے۔

جدول نمبر ۱ :

| نمبر شمارہ | تصویر | سہولت |
|---|---|---|
| ۱) | کھلا قرآن کریم | قرآن کا عربی متن اردو اور انگریزی تراجم کے ساتھ |
| ۲) | کمپیوٹر "کی بورڈ" (KEYBOARD) | قرآن کے الفاظ و کلمات کی تلاش |
| ۳) | حوالہ جاتی " کارڈ ریک " | قرآنی آیات کی موضوعاتی تلاش |
| ۴) | شیلف میں موجود کتاب | اعراب کے ساتھ قرآن کا عربی متن اور اس کا اردو ترجمہ |
| ۵) | ہیڈ فون اور ڈیک | حفظ قرآن آڈیو ویڈیو ذرائع کی مدد سے |

جب ہم شکل نمبر ۱ میں موجود کھلے قرآن حکیم پر جا کر کمپیوٹر ماؤس دبائیں گے تو ہمارے کمپیوٹر پر شکل نمبر ۲ ظاہر ہو جائے گی جس کے تین حصے نمایاں ہیں :





شکل نمبر ۲

۱) قرآن کی چند آیات کا عربی متن مع آیت نمبر و سورت نمبر۔

۲) متعلقہ آیات کا اردو ترجمہ مع آیت نمبر۔

۳) متعلقہ آیات کا انگریزی ترجمہ مع آیت نمبر۔

شکل نمبر ۲ میں نمایاں ہے کہ اس کے آخری حصہ میں سکرین پر موجود آیات کا نمبر متعلقہ پارے اور سورت نمبر کے علاوہ سورت کا نام بھی درج ہے۔ اسی شکل کے نچلے حصے پر دائیں طرف موجود نشان ▶ پر جا کر ماؤس دبانے سے سکرین پر موجود آیات کی تلاوت شروع ہو جاتی ہے۔ اسی حصے کے درمیان میں موجود کے نشان پر جا کر کمپیوٹر ماؤس دبایا جائے تو شکل نمبر ۳ ظاہر ہو جائے گی۔ ھدیٰ پروگرام میں جہاں کہیں بٹن کا نشان موجود ہے وہ اس بات کی علامت ہے کہ اس ذریعے سے پروگرام سے باہر نکلا جا سکتا ہے۔ شکل نمبر ۲ میں عربی اور اردو قرآن کریم میں نظر آنی والی Scroll bar کے ذریعے اپنی مطلوبہ آیات تک رسائی ممکن ہے۔




شکل نمبر ۳

شکل نمبر ۳ کو سکرین پر لانے کے لیے شکل نمبر ا اور شکل نمبر ۲ کے راستے کو اپنانا پڑے گا۔ پہلی صورت میں بند کتابوں پر اور دوسری صورت میں نچلے حصے میں موجود نشان پر ماؤس دبانا پڑے گا۔ جیسا کہ واضح ہے کہ شکل نمبر ۳ میں اعراب کے ساتھ قرآن کا عربی متن اور متعلقہ آیات کا اردو ترجمہ کمپیوٹر سکرین پر نظر آتا ہے۔ اس صورت میں مورد نظر قرآنی آیت خط کشیدہ ہوتی ہے اور دائیں جانب موجود نشانات میں سے کا نشان دبانے سے خط کشیدہ آیت کی تلاوت بھی کی جاتی ہے۔ اس سکرین کے بالائی حصے کی دائیں طرف اگر ملاحظہ کریں تو ایک قرآنی صفحہ کا عکس نظر آئے گا جس کا وہ حصہ رنگین سطور سے بنائے گئے ایک مستطیل سے ظاہر کیا گیا ہے جو سکرین پر نظر آ رہا ہے۔

قرآن کی موضوعاتی فہرست دیکھنے اور پھر اس کے ذریعے سے متعلقہ آیات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ہمیں شکل نمبر ۴ کی سکرین لانا ہوگی جو ابتدائی سکرین یعنی شکل نمبر ا میں حوالہ جاتی "کارڈ کے ریک" پر جا کر ماؤس دبانے سے حاصل ہوگی۔ شکل نمبر ۴ کے ظاہر ہو جانے کی صورت میں




شکل نمبر ۴




شکل نمبر ۵

اردو میں ان موضوعات کی فہرست ظاہر ہو گی جنہیں انتخاب کیا جا سکتا ہے۔ یہ فہرست الفباء کے مطابق بنائی گئی ہے اور خاص موضوع کی تلاش کے لیے علیحدہ سے الفاظ ٹائپ بھی کیے جا سکتے ہیں۔ اس سکرین پر کسی موضوع کے انتخاب کر لینے سے اس موضوع سے متعلقہ آیات کی فہرست نمودار ہو گی اور کسی خاص آیت کے انتخاب کر لینے سے شکل نمبر ۳ کی وہ سکرین کمپیوٹر استعمال کرنے والے کے سامنے آجائے گی جس میں مطلوبہ آیات اور ان کا ترجمہ درج ہو گا۔

قرآنی الفاظ و کلمات کی مدد سے آیات کی تلاش کا مرحلہ بھی اسی انداز سے انجام دیا جائے گا اور شکل نمبر ا کی سکرین پر کمپیوٹر ''کی بورڈ'' (KEYBOARD) پر جا کر ماؤس دبانا ہو گا یوں شکل نمبر ۵ کی سکرین نمایاں ہو جائے گی۔ اس سکرین پر الفباء کے مطابق قرآنی کلمات درج ہوں گے۔ اپنے مطلوبہ کلمہ کا انتخاب کر لینے پر ان آیات کی فہرست نمایاں ہو جائے گی جن میں مطلوبہ کلمہ موجود ہو گا۔ کسی خاص آیت کے انتخاب کر لینے کی صورت میں شکل نمبر ۲ کی وہ سکرین منظر پر آجائے گی جس میں انتخاب شدہ آیت موجود ہو گی۔



| |
|---|
| اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ یَرْتَابُوْا وَ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ (الحجرات۔ ۱۵) |
| واقعی مومن تو صرف وہی لوگ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے ہیں، پھر انہوں نے کبھی شک نہیں کیا اور اپنے مالوں اور جانوں کے ساتھ انہوں نے راہ خدا میں جہاد کیا ہے، وہی سچے ہیں۔ |